بسم اللہ الرحمن الرحیم

# پاکستان سے یوکے جانا ہے اور جدہ ائیر پورٹ پر کچھ دیر قیام ہوگا تو کیا احرام باندھنا ضروری ہے ؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

ہم پاکستان سے یوکے جا رہے ہیں، اور جدہ ایئرپورٹ پر ہمارا قیام 2 یا 3 گھنٹے کا ہے، تو کیا ہم پر احرام کی نیت کرنا ضروری ہے؟ اگر احرام کی نیت نہ کریں، تو ہم پر دم تو لازم نہیں آئے گا؟ پلیز بتا دیں۔

## جواب

میقات سے احرام باندھنا اس کے لیے ضروری ہوتا ہے، جو مکہ شریف جانے کا ارادہ رکھتا ہو، اور اگر مکہ شریف جانے کا ارادہ نہ ہو، تو اگرچہ میقات سے گزر ہو، تب بھی اس پر احرام باندھنا لازم نہیں ہوتا، لہذا پوچھی گئی صورت میں جب آپ کا مکہ شریف جانے کا ارادہ نہیں ہے، تو اب میقات سے گزر ہونے کے باوجود بھی آپ پر احرام باندھنا لازم نہیں ہے۔

درمختار میں ہے" لو قصد موضعا من الحل کخلیص وجدة حل له مجاوزته بلا إحرام" ترجمہ: اگر اس کا ارادہ حل کے اندر کسی مقام مثلاً خلیص اور جدہ جانے کا ہے، تو اسے بغیر احرام میقات سے گزرنا جائز ہے۔ (درمختار مع ردالمحتار، ج 3، ص 552، مطبوعہ: کوئٹہ)

بہارِ شریعت میں ہے "مکہ معظمہ جانے کا ارادہ نہ ہو بلکہ میقات کے اندر کسی اور جگہ مثلاً جدّہ جانا چاہتا ہے تو اُسے احرام کی ضرورت نہیں۔۔۔ اور اگر پہلے ہی سے مکہ معظمہ کا ارادہ ہے تو اب بغیر احرام نہیں جا سکتا۔" (بہار شریعت، ج 1، حصہ 6، ص 1068، مکتبۃ المدینہ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا محمد انس رضا عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-4948

تاریخ اجراء: 12 شوال المکرم 1447ھ / 01 اپریل 2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net